نیوز ریلیز

## لکی کور انڈسٹریز نے 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والے نو ماہ کے نتائج کا اعلان کردیا

کراچی، 24 اپریل 2025

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ ('کمپنی') نے 31 مارچ 2025 کو ختم ہونے والے نو ماہ کے مالی نتائج کا اعلان کردیا۔

### مالیاتی جھلکیاں

- مجموعی بنیاد پر، زیر جائزہ نو ماہ کے دوران مجموعی خالص فروخت 92,049 ملین روپے رہی، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے (SPLY) کے مقابلے میں 1% زیادہ ہے۔ آپریشنز سے مجموعی منافع 13,695 ملین روپے رہا، جو SPLY کے مقابلے میں 8% زیادہ ہے۔

- مجموعی بنیاد پر، نو ماہ کے لیے منافع بعد از ٹیکس (PAT) جو کہ 8,910 ملین روپے رہا، گزشتہ سال کے اسی عرصے (SPLY) کے مقابلے میں 12% زیادہ ہے، جبکہ ہولڈنگ کمپنی کے مالکان سے منسوب فی شیئر آمدنی (EPS) جو کہ 96.47 روپے ہے، SPLY کے مقابلے میں 12% زیادہ ہے، جو کہ بنیادی طور پر بہتر آپریٹنگ کارکردگی اور مالیاتی لاگت میں کمی کی وجہ سے ہوا۔

- انفرادی بنیاد پر، نو ماہ کے دوران PAT اور EPS جو کہ بالترتیب 8,805 ملین روپے اور 95.34 روپے ہیں، SPLY کے مقابلے میں 11% زیادہ ہیں۔

نتائج کے اعلان کے بعد، LCI کے چیف ایگزیکٹو جناب آصف جمعہ نے کہا ''LCI کے متنوع پورٹ فولیو اور طویل مدتی وژن نے ہمیں چیلنجز کا مؤثر طریقے سے سامنا کرنے کے قابل بنایا ہے۔ آگے بڑھتے ہوئے، ہماری توجہ اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے قدر کی فراہمی پر مرکوز ہے۔''